## گول میز کانفرنس کی تجویز ملک کو درپیش خطرات کے پیش نظر تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مابین اتفاق رائے اور تمام قومی مسائل کے حل کیلئے تھی۔الطاف حسین

## میں نے جن خدشات کا اظہار کیا تھا ان سے اختلاف کیا جاسکتا ہے لیکن انہیں یکسر مسترد کرنے کے بجائے ان پر غور اور تحقیق کی جاسکتی ہے

## پاکستان اور امریکہ کے مابین باہمی اعتماد کا فقدان بہت بڑھ گیا ہے،آئی ایس آئی کے سربراہ جنرل ظہیرالاسلام کے دورہ امریکہ کی کامیابی کیلئے دعا گو ہیں

## عدلیہ اور حکومت کے درمیان محاذ آرائی کی موجودہ فضاء پر ملک اور بیرون ملک مذاق اڑ رہا ہے،اب سینئر قانون داں بھی عدلیہ کے بارے میں کھل کر اپنے تحفظات کا اظہار کررہے ہیں حکومت اور عدلیہ کو اس پر سوچنا ہوگا کہ اداروں کے درمیان محاذ آرائی اور تصادم سے کسی اور کا نہیں صرف ملک کا نقصان ہوگا

## بھتہ مافیا کی وجہ سے پاکستان خصوصاً کراچی کے تاجر اور دکاندار بہت پریشان ہیں،کاروبار تباہ ہورہا ہے۔الطاف حسین

## اگر وفاقی وصوبائی حکومتیں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے اس صورتحال پر قابو نہ پایا تو قوم کو حقائق سے آگاہ کرنے پر مجبور ہوں گا۔ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس میں گفتگو

لندن۔۔۔یکم اگست 2012ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ان کی جانب سے گول میز کانفرنس کی تجویز ملک کو درپیش خطرات کے پیش نظر تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے مابین اتفاق رائے اور تمام قومی مسائل کے حل کیلئے تھی کیونکہ اس وقت سب سے بڑا مسئلہ پاکستان کی سلامتی اور استحکام ہے اور میری نظر میں پاکستان آج بھی خطرات میں گھرا ہوا ہے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر سندھ کے وزیر صنعت رؤف صدیقی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے انچارج مصطفیٰ عزیز آبادی،جوائنٹ انچارجز محمد اشفاق،قاسم علی رضا اور سیکریٹریٹ کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں نے گزشتہ دنوں پاکستان کو لاحق اندرونی وبیرونی خطرات کے بارے میں اپنے جن خدشات کا اظہار کیا تھا ان سے حکومت اور اپوزیشن کے سیاسی رہنما،دانشور،تجزیہ نگار اور اینکر پرسنز اختلاف کرسکتے ہیں لیکن میرے ان خدشات کو یکسر مسترد کرنے کے بجائے ان پر غور اور تحقیق کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ پاکستان اور امریکہ کے تعلقات ان دنوں بہتر نہیں ہیں،دونوں ملکوں کے مابین باہمی اعتماد کا فقدان بہت بڑھ گیا ہے،دونوں ایک دوسرے کو اس کا الزام دے رہے ہیں۔انہوں نے اس سلسلے میں آئی ایس آئی کے سربراہ لیفٹننٹ جنرل ظہیرالاسلام کے دورہ امریکہ کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دعا کی کہ دونوں ملکوں کے تعلقات میں بہتری آئے کیونکہ اسی میں دونوں ملکوں کی بھلائی ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ موجودہ نازک حالات کی روشنی میں ہمیں جذبات کے بجائے عقل اور ہوشمندی سے کام لینا چاہیے اور یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ہم نہ سپر پاور ہیں،نہ ایٹمی طاقت کی بنیاد پر کسی کو خوفزدہ کرسکتے ہیں کیونکہ روس سے زیادہ ایٹمی ہتھیار کسی کے پاس نہیں تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ ڈرون حملوں کی مخالفت کی ہے،بعض جماعتوں نے ڈرن حملوں کے خلاف دھرنے دیے لیکن اسکے باوجود ڈرون حملے نہ رک سکے۔ملک کی مجموعی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کے داخلی حالات انتہائی افسوسناک اور مایوس کن ہیں،لوڈشیڈنگ،بیروزگاری،مہنگائی،دہشت گردی،فرقہ وارانہ کشیدگی عروج پر ہے،جمہوری نظام کے بارے میں غیر یقینی کی فضاء قائم کی جارہی ہے،عدلیہ اور حکومت کے درمیان محاذ آرائی کی موجودہ فضاء پر ملک اور بیرون ملک ہمارا مذاق اڑ رہا ہے اور اب سینئر قانون داں بھی عدلیہ کے بارے میں کھل کر اپنے تحفظات کا اظہار کررہے ہیں۔لہٰذا حکومت اور عدلیہ کو اس پر سوچنا ہوگا کہ اداروں کے درمیان محاذ آرائی اور تصادم سے کسی اور کا نہیں ملک کا نقصان ہوگا۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو اپنی ترجیحات بنانی ہوں گی۔لوڈشیڈنگ،بیروزگاری،مہنگائی اور دہشت گردی پر قابو پانا ہوگا۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں،علمائے کرام،وکلاء،دانشوروں،تجزیہ نگاروں اور اینکر پرسنز کو دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اگر آپ واقعی ملک کی بھلائی چاہتے ہیں تو آئیں ملکر بیٹھیں،اتفاق رائے اور ہم آہنگی قائم کریں اور سیاسی مخالفت اور پسند ناپسند کے بجائے حقیقت پسندانہ طرز فکر اپنائیں۔میں پاکستان کو محفوظ اور خوشحال دیکھنا چاہتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے پاکستان خصوصاً کراچی میں بھتہ مافیا کی جانب سے تاجروں،دکانداروں اور عام شہریوں سے بھتہ کی وصولی،اغوا برائے تاوان کی وارداتوں،دستی بموں سے حملوں اور فائرنگ کے واقعات پر ایک بار پھر اپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس صورتحال کی وجہ سے تاجر،دکاندار بہت پریشان ہیں،کاروبار تباہ ہورہا ہے اور شہر سے سرمایہ منتقل ہورہا ہے۔اگر وفاقی وصوبائی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملکر اس صورتحال پر قابو نہ پایا اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی نہ کی تو میں قوم کو اس حوالے سے حقائق سے آگاہ کرنے پر مجبور ہوں گا۔انہوں نے کہا کہ بچہ بچہ جانتا ہے کہ بغیر سپورٹ کے بھتہ خوری،پرچی،اغوا برائے تاوان کی وارداتیں نہیں ہوسکتیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک میں پاکستان پر اپنا رحم وکرم نازل فرمائے اور عوام کی مشکلات کو دور فرمائے۔

## اوگرا کی جانب سے پیٹرول، ڈیزل، سی این جی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تشویش

### پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر غریب و متوسط طبقے پر پڑے گا، رابطہ کمیٹی

### صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر عاصم حسین اوگرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے فیصلے پر نظر ثانی کریں اور اس سلسلے میں ٹھوس اور مثبت حکمت عملی ترتیب دے کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

کراچی:۔۔۔یکم اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اوگرا کی جانب سے پیٹرول 7 روپے، ڈیزل 5 روپے اور سی این جی مصنوعات کی قیمتوں میں 4 روپے ہوشربا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اوگرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر افراد پر پڑے گا۔انہوں کہا کہ ایک طرف تو عوام مہنگائی کے اس دور میں پہلے ہی پریشان ہیں اور اب ماہ رمضان المبارک میں اشیاء خورد و نوش کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے ساتھ ساتھ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بھی اضافے نے انہیں ذہنی اضطراب کا شکار بنا دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اگر چہ اوگرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا فیصلہ عالمی منڈی میں حالیہ اضافے کے باعث کیا گیا ہے لیکن حکومت کو چاہئے کہ وہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بجائے عوام کو سبسڈی دے کر ایسے عوام دوست اقدامات کرے جس کے مثبت اثرات عوام کی معیار زندگی کو بہتر بنا سکیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر عاصم حسین سے مطالبہ کیا کہ اوگرا کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے اور اس سلسلے میں ٹھوس اور مثبت حکمت عملی ترتیب دے کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## کراچی میں جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کا فی الفور خاتمہ کر کے کراچی کے امن کو تباہ کرنے اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی سازش ناکام بنائی جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔یکم، اگست 2012ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بھتہ مافیا، پرچی مافیا اور اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کے ٹولے کا فی الفور خاتمہ کر کے تاجروں، صنعتکاروں، کاروباری افراد اور عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل بھتہ مافیا اور پرچی مافیا جس طریقے سے کراچی میں تاجروں، صنعتکاروں اور دکانداروں سے بھتہ وصول کر رہی ہے، انہیں اغواء کر رہی ہے، بھتہ نہ دینے کی پاداش میں دستی بموں اور فائرنگ کر کے نشانہ بنا رہی ہے اور ان سب کارروائیوں کے باوجود قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ان کے خلاف ٹھوس اقدامات نہ کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ایک منظّم سازشی منصوبے کے تحت کراچی کا امن و سکون غارت کر کے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کی سرپرستی کے باعث آج کراچی کی کاروباری اور تجارتی سرگرمیاں ماند ہیں اور بیشتر کاروباری حضرات تو اپنے کاروبار منتقل کر چکے ہیں ان تمام حقائق کے باوجود حکومت اور انتظامیہ کی جانب سے طفیل تسلیوں سے کام لینا صبر کا پیمانہ لبریز کرنے کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کی جو ادارہ اور شخصیات سرپرستی کر رہی ہیں وہ دراصل اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں اور مذموم عزائم کی تکمیل کی راہ میں ایم کیو ایم سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کا عمل جرائم کو ہی فروغ دینے کا سبب بنتا ہے اور جو عناصر یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ جرائم پیشہ افراد کے ذریعے کراچی میں لوٹ مار اور بھتہ خوری کا بازار گرم کر کے اپنی اجارہ داری قائم کر لیں گے وہ دراصل احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں اور ملک و قوم کے کھلے دشمن ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل بھتہ مافیا اور پرچی مافیا کا فی الفور خاتمہ کر کے کراچی کے امن کو تباہ کرنے اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی سازش ناکام بنائی جائے۔

## حکومت کی طرف سے تجویز کردہ گول میز کانفرنس پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لئے انتہائی اہم ثابت ہوگی، ایم کیوایم امریکہ

واشنگٹن ڈی سی:۔۔۔یکم اگست 2012ء

ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی، جوائنٹ سینٹرل آرگنائزر ارشد حسین اور ندیم صدیقی سمیت اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے ملکی سلامتی کی بقاء اور استحکام کے لئے حکومت کی طرف سے گول میز کانفرنس کی تجویز کو بروقت اور انتہائی اہم قدم قرار دیا ہے۔امریکہ سے جاری ہونے والے اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کی بقاء، سلامتی اور خودمختاری کے حوالے سے جن سنگین خطرات کا اظہار کیا تھا ان پر قومی اتفاق رائے وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کی قیادت نے تمام سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر صرف وطن عزیز کے تحفظ اور بہتر مستقبل کے لئے ملک کی تمام چھوٹی بڑی سیاسی جماعتوں سے رابطے کر کے ثابت کر دیا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی سلامتی کے لئے کس قدر سنجیدہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اب مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا اور وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت پاکستان کو اندرونی اور بیرونی خطرات سے بچانے کے لئے ایک نکاتی ایجنڈے پر متفق ہو جائے۔آخر میں انہوں نے پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین سے اپیل کی ہے کہ گول میز کانفرنس میں شریک ہو کر پاکستان کو بحرانوں کے دلدل سے باہر نکالیں اور پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کے راستے پر گامزن کریں۔

## حق پرست صوبائی وزیر برائے مذہبی امور عبدالحسیب کی ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے وفد کے ہمراہ وائی ایم سی اے صدر میں بشپ صاحبان سے ملاقات

### ملاقات میں وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے گزشتہ دنوں جاری ہونیوالے بیانات کی روشنی میں ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی خطرات کی نشاندہی کے بارے میں آگاہ کیا

### جناب الطاف حسین پاکستان کی تاریخ کے پہلے عظیم رہنماء ہیں جو ہزاروں میل دور بیٹھ کر بھی وطن عزیز کیلئے فکرمند ہیں، بشپ ارشد کھوکھر

### ملک کو اس وقت اتحاد کی ضرورت ہے اور ہمیں اپنے اپنے مذہبی لسانی اور سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی سلامتی کیلئے ایک ہونے کی ضرورت ہے، عبدالحسیب

کراچی:۔۔۔یکم اگست 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر برائے مذہبی امور عبدالحسیب نے ایم کیوایم شعبہ اقلیتی امور کمیٹی کے وفد کے ہمراہ بشپ ایسوسی ایشن سندھ کے چیئرمین بشپ ارشد کھوکھر سمیت مختلف چرچز سے تعلق رکھنے والے بشپ صاحبان جن میں لاہور کی نمائندگی کرنے والے بشپ ولسن جون اور بشپ جیمس جان پال، بشپ ریاض شریف، بشپ جاوید انجم و دیگر شامل ہیں سے وائی ایم سی اے صدر کراچی میں ملاقات کی۔ملاقات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے گزشتہ دنوں جاری ہونیوالے بیانات کی روشنی میں ملک کو درپیش اندرونی و بیرونی خطرات کی نشاندہی کے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ایم کیوایم وفد میں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج و حق پرست رکن سندھ اسمبلی رشید خان اور جوائنٹ انچارج پطرس یوسف اور اراکین کمیٹی منور جان اور مکیش روشن شامل تھے۔ملاقات میں بشپ ایسوسی ایشن سندھ کے چیئرمین ارشد کھوکھر نے ایم کیوایم کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کی تاریخ کے پہلے عظیم رہنماء ہیں جو ہزاروں میل دور بیٹھ کر بھی وطن عزیز کیلئے فکرمند ہیں اور اس سلسلے میں اپنی دوراندیشی کے طفیل ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے ملک وقوم کو حقیقت اور سچائی سے آگاہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاع کی خاطر جناب الطاف حسین کے حوصلے اور جذبے کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا وہ ایک عظیم مقصد کے حصول کیلئے جدوجہد کررہے ہیں جس کے ثمرات جلد پاکستان بھر میں نمودار ہونگے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے وفد نے بشپ ایسوسی ایشن سندھ کے چیئرمین ارشد کھوکھر و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو اس وقت اتحاد کی ضرورت ہے اور ہمیں اپنے اپنے مذہبی لسانی اور سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی سلامتی کیلئے ایک ہونے کی ضرورت ہے یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کے نمائندے مختلف سیاسی و مذہبی رہنماؤں سے ملاقات کررہے ہیں۔اس موقع پر بشپ صاحبان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جانب سے ملکی سلامتی کے حوالے سے کئے جانیوالے اقدامات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا اا اور اس سلسلے میں اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔بعدازاں ملاقات میں ملک کی بقاء وسلامتی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور ملکی سلامتی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام 6اگست بروز پیرکو جناح گراؤنڈعزیز آباد میں افطارڈنر کا اہتمام کیا جائے گا

## جس میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنما، علمائے کرام، تاجر برادری وصنعتکار، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے وابستہ افراد، اینکر پرسنز حضرات، حق پرست وزراء، سینیٹرز، ارکان اسمبلی سمیت نائن زیرو شعبہ جات کے اراکین دیگر معززین شہر بڑی تعداد میں شرکت کرینگے

کراچی:۔۔۔یکم، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 6اگست 2012 پیر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایک بڑے افطارڈنر کا اہتمام کیا گیا ہے۔جس میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، علمائے کرام، تاجر برادری وصنعتکار، پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے وابستہ افراد، اینکر پرسنز، حق پرست وزراء، سینٹر، ارکان اسمبلی نائن زیرو شعبہ جات کے اراکین سمیت دیگر معززین شہر بڑی تعداد میں شرکت کرینگے۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر ڈی یونٹ لانڈھی ڈگری کے کارکن انعام الحق کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔یکم، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیکٹر ڈی یونٹ لانڈھی ڈگری کے کارکن انعام الحق کی ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر دلی صدمے اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی شکل میں غریب عوام کو تحفہ دیا

## مخیّر حضرات ماہ مقدس میں اپنی خوشیوں میں غریبوں کو ضروریاد رکھیں اور صدقات، زکوٰۃ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کروائیں تاکہ ادارہ اپنی عوامی خدمت کے دائرہ کار کو مزید وسیع کرسکے

سکھر۔۔۔یکم اگست، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین وار اکین زونل کمیٹی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور فکر وفلسفہ صرف انسانیت کی خدمت ہے اور اس کیلئے وہ دن رات کوششوں میں مصروف ہیں، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی شکل میں غریب عوام کو تحفہ دیا جس کے زیر انتظام اسپتالوں، ڈسپنسریاں اور ایمبولینس سروس کے ذریعے بلاتفریق رنگ ونسل انسانیت کی بے لوث خدمت کی جاری ہے، ایم کیوایم کے ہر کارکن کا فرض ہے کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کیلئے زیادہ سے زیادہ زکوٰۃ وفطرہ اکٹھا کرے تاکہ ماہ مقدس میں غریب اور نادار افراد کی امداد کا سلسلہ بھرپور طریقے سے جاری رہ سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن پاکستان کا واحد ادارہ ہے جو گذشتہ کئی برسوں سے دُکھی انسانیت کی بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان و مذہب عملی خدمت میں مصروف ہے اور ملک میں جب سے ایم کیوایم نے انسانیت کی خدمت کا بیڑہ اٹھایا ہے اسی روز سے ملک کے دو فیصد وڈیرانہ وجاگیرانہ سوچ رکھنے والے افراد اور اسٹیبلشمنٹ نے ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے تانے بانے بننے شروع کردیے تھے اور ایم کیوایم پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات لگائے گئے مگر ایم کیوایم کی خدمات کو دیکھ کر ملک کی حق پرست عوام کا جناب الطاف حسین پر بے پناہ اعتماد اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ تمام الزامات بالکل بے بنیاد ہیں اور ایم کیوایم ایک حق پرست اور محبّ وطن قومی جماعت ہے جو ہر مشکل گھڑی اور کٹھن وقت میں اپنے ہم وطن بھائیوں کے ساتھ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ جناب الطاف حسین کی جدوجہد ملک میں بسنے والے تمام افراد کے درمیان بھائی چارے اور ان کے حقوق کے حصول کیلئے ہے اور ایم کیوایم نے ملکی سیاسی تاریخ میں پہلی بار سیاست برائے خدمت کا کلچر متعارف کرایا اور تعلیم یافتہ ایماندار نوجوانوں کو منتخب کراکے ایوان اقتدار میں غریب اور متوسط طبقے کو نمائندگی دلوائی انہوں نے مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ماہ مقدس میں اپنی خوشیوں میں غریبوں کو ضروریاد رکھیں اور زیادہ سے زیادہ صدقات، زکوٰۃ اور دیگر عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کروائیں تاکہ ادارہ اپنی عوامی خدمت کے دائرہ کار کو مزید وسیع کرسکے۔

## ایم کیوایم کینیڈا جی ٹی اے یونٹ کے کارکن جمیل فاروقی کی والدہ محترمہ شاہ جہاں بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔یکم،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کینیڈا جی ٹی اے یونٹ کے کارکن جمیل فاروقی کی والدہ محترمہ شاہ جہاں بیگم کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرِ جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اُردو کے معروف شاعر شہزاد احمد کے انتقال پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔یکم،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اُردو کے معروف شاعر شہزاد احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرِ جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حق پرست نمائندے ہر وقت عوامی مسائل کے حل کیلئے عوام کے درمیان موجود ہیں،سید وسیم حسین
## سٹی کلاتھ مارکیٹ میں انجمن تاجران کلاتھ مارکیٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے عیدالفطر اور رمضان مبارک میں
## عوام کی سہولیات کیلئے منعقدہ کیمپ کے دورہ کے دوران ایسوسی ایشن کے عہدیداران سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔01اگست 2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید وسیم حسین نے گذشتہ روز سٹی کلاتھ مارکیٹ پر قائم کردہ انجمن تاجران کلاتھ مارکیٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے عیدالفطر اور رمضان مبارک میں عوام کی سہولیات کیلئے منعقدہ کیمپ کے دورہ کے دوران ایسوسی ایشن کے عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ حق پرست عوام کو ہر قسم کی پریشانی اور مشکل حالات سے نمٹنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے ہیں اور حق پرست منتخب نمائندے ہر وقت عوامی مسائل کے حل کیلئے عوام کے درمیان موجود ہیں۔اس موقع پر ایس ایس پی حیدرآباد فرید جان سرہندی،ڈی ایس پی ٹریفک حیدرآباد اور مختلف محکمہ جات دیگر افسران بھی انکے ہمراہ تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم وڈیروں اور جاگیرداروں کی نہیں بلکہ 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے جو عوامی خدمت میں کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے شہر اور شہریوں کو ریلیف دینے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی انہوں نے انتظامیہ کے افسران کو ہدایت دی کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں اور توانائیاں بروئے کار لاتے ہوئے ماہ مقدس میں عوامی خدمت کیلئے موثر اقدامات کریں۔کیمپ پر انجمن تاجران کلاتھ مارکیٹ کے یوسف میمن،حاجی شریف،انور کندن اور اکرام الدین گڈو سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ اندھیرے میں روشنی کی کرن ہے اور بہت جلد اس روشنی سے پورا ملک منور ہوگا
## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی کا مشترکہ مشترکہ بیان

حیدرآباد۔۔۔01اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت متعارف کراکے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف عملی جدوجہد کی ہے یہی وجہ ہے کہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ اور ان کے ایجنٹ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف سازشوں کے جال بن رہے ہیں مگر ناکامی انکا مقدر ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد اپنی ذات کے لئے نہیں بلکہ ملک سے فرسودہ وجاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور ملک پر غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کے لئے ہے۔انہوں نے کہا کہ دن دور نہیں جب قائد تحریک الطاف حسین کی بے مثال جدوجہد اور شہداء کی قربانیوں کی بدولت ملک میں حق پرستی کا سورج طلوع ہوگا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے لئے ہے اور آج قائد تحریک الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی کراچی سے نکل کر ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے جو فرسودہ جاگیردارنہ نظام کے خاتمے کی نوید ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کا فلسفہ اندھیرے میں روشنی کی کرن ہے اور بہت جلد اس کی روشنی سے پورا ملک منور ہوگا۔

## ملک کی سیاست میں خدمت کا جذبہ قائد تحریک جناب الطاف حُسین نے متعارف کروایا
## خدمت خلق فاونڈیشن کے فلاحی کام صرف اور صرف عوام کے تعاون سے چلتے ہیں
## لہٰذا حق پرست عوام خدمت خلق فاونڈیشن کے فلاحی ادارے کو دل کھول کر امداد دیں

میر پور خاص۔۔۔یکم اگست، 2012ء

میر پورخاص زون کے زونل انچارج فرید احمد خان نے مخیّر حضرات سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت عوامی خدمت کی نئی مثالیں قائم کیں ہیں اور یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ سیاست میں خدمت کا جذبہ قائد تحریک نے متعارف کروایا اور ایم کیو ایم نے ابتداء سے ہی خدمت خلق کمیٹی کے تحت عوام کی خدمت کی اور اب خدمت خلق کمیٹی بین الاقوامی رفاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں تبدیل ہوچکی ہے جسکے رضا کار بغیر کسی مذہبی ولسانی تفریق کے دنیا بھر میں انسانیت کی خدمت کیلئے دن رات مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر خدمت خلق فاونڈیشن کا سلسلہ اسی طرح چلتا رہتا ہے، چاہے وہ مفت بازار ہوں یا قدرتی آفات جیسے زلزلے،طوفانی بارشیں یا گزشتہ سال آنے والے بدترین سیلاب کے واقعات، ان سب میں خدمت انسانیت کا جذبہ لئے خدمت خلق فاونڈیشن کے رضا کار روز وشب مصروف عمل رہے۔انہوں نے کہا ایم کیو ایم متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی جماعت ہے اور اس جماعت میں کوئی وڈیرا، جاگیردار اور سرمایہ دار نہیں، خدمت خلق فاونڈیشن کے فلاحی کام صرف عوام کے تعاون سے چلتے ہیں لہٰذا حق پرست عوام خدمت خلق فاونڈیشن کے فلاحی ادارے کو دل کھول کر امداد دیں اور اپنی زکواۃ، خیرات اور فطراہ خدمت خلق فاونڈیشن کو دیں تاکہ غریب اور پریشان حال لوگوں کی مدد کا سلسلہ ماہ مقدس میں اور زیادہ جاری وساری رہے۔

## الطاف حسین نے اس ملک کی سلامتی کے لیے جو قدم اٹھایا سے وہ قابل تعریف ہے۔وفد گوجرانوالہ زون

گوجرانوالہ۔۔۔یکم اگست، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کے وفد جس میں ممبر صوبائی تنظیمی کمیٹی عبدالکریم، زونل جوائنٹ انچارج عدنان حمید، سیکریڑی فنانس رانا افتخار احمد، سیکریڑی نشرواشاعت رانا ساجد، زونل ممبر اعجاز بلوچ اور ممبر ضلعی کمیٹی رانا عبدالرحمٰن شامل تھے انہوں نے یشیخ محمد اسلم (سابقہ صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس، نائب صدر فیڈریشن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری پاکستان، شیلٹن ہوٹل گوجرانوالہ کے آنر) سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ملک کی سلامتی کے لیے جو قدم اٹھایا ہے وہ قابل تعریف ہے اگر تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اسی جذبے اور لگن سے پاکستان کے لیے کام کریں تو دن دور نہیں کہ جب پاکستان دنیا کی نظر میں ایک باوقار ملک ہوگا اور پاکستانی قوم باعزت اور دنیا کی مہذہب قوم کے طور پر پہچانی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ الطاف حسین کے اس نظریہ کو اور اس کی اہمیت کو اگر نہ سمجھا گیا تو اس کا نقصان ملک وقوم کو ہوگا اور جس طرح پاکستان اپنا ایک حصہ گنوا چکا ہے خاکم بدہن ایسا نہ ہو کہ باقی ملک کو مزید نقصان پہنچے، اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان کے تمام شہریوں کو بلاتفریق یکساں آئینی وقانونی حقوق دیئے جائیں تاکہ پاکستانیوں میں احساس محرومی نہ پیدا ہوسکے اور وفاق کے ساتھ ساتھ صوبائی اکائیاں بھی مضبوط ہوں اور ملک وقوم ترقی کی منازل طے کرسکیں۔

☆☆☆☆☆